# BIDHAN CHANDRA COLLEGE ASANSOL

# Department of Urdu (اردو ڈیپارٹمنٹ)

اردو ڈیپارٹمنٹ

**Program out come Program Specific out come and Course out come**

# Program Out Come

آرٹس میں انڈر گریجویٹ آنرز کورس کے پروگرام کا نتیجہ کلیدی نظریاتی علم کی بنیاد فراہم کرنا اور تعلیم وتدریس کو فروغ دینا ہے۔ طلباء کو فنون لطیفہ کے شعبے میں اعلی تعلیم کے لئے نہ صرف تیار رہنا چاہیے بلکہ علوم و فنون سے وابستہ شعبوں میں پیشہ ور کی حیثیت سے نگہداشت ہونا چاہیے۔

جیسا کہ آرٹس میں انڈر گریجویٹ پروگرام کورس کے ذریعہ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ طلباء کو اگر موقع وقت اور آزادی فراہم کرائی جائے تو وہ بڑوں سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر نئی معلومات کی طرف راغب ہو سکتے ہیں۔ اس پروگرام کے ذریعہ طلباء کے اندر تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینا ہی بنیادی مقصد ہے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم آموزشی عمل میں طلباء کو بحیثیت شریک کار قبول کریں اور اساتذہ ایمانداری سے اس کی رہنمائی کریں۔

# Program Specific out Come

آرٹس میں کورس کی کامیاب تکمیل پر ہی طلباء رشک ہو سکیں گے:

1 ) مجوزہ نصابی کتاب کو امتحان کے لیے واحد ذریعہ بنانا تاکہ طلباء کے اندر تخلیقی قوت پیدا ہو سکیں۔

2 ) نصابی بوجھ کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے نصاب سازوں نے مختلف سطحوں پر معلومات کی تشکیل نو اور اسے نیا رخ دینے کی کوشش کی ہے۔

3 ) اس کورس کا بنیادی مقصد طلباء کو مختلف اصناف سخن کے فن سے متعارف کرانا ہے جو ہمارے یونیورسٹی نصاب میں شامل ہیں۔

4 ) اس کورس کے ذریعے طلباء کے اندر تحریری اور تقریری صلاحیت کو اجاگر کرنا۔

5 ) طلباء وطالبات کو اس حد تک خود کفیل بنانا چاہیے کہ وہ آنے والی زندگی میں اپنی راہیں ہموار کر سکیں۔

6 ) اردو زبان پر پوری گرفت ہونے سے طالب علم آسانی سے خود کو ترقی دے سکتے ہیں۔

7 ) طالب علم نصابی کتاب کے علاوہ مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والی کتابیں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

# Course Out Come

## Semester-I

### BAHURDC101-Lisanyaat Aur Urdu Zaban Ka Irteqa, CC-1 (لسانیات اور اردو زبان کا ارتقاء)

1 ) اس سبق میں طالب علموں کو "لسانیات اور اردو زبان کا ارتقا" کے بارے میں معلومات فراہم کیا جائے گا۔ زیر نظر سبق میں لسانیات کی تعریف اور اس کی اہمیت و افادیت، ادب اور لسانیات کے رشتے، سانیات کی شاخیں، زبان کا آغاز و ارتقا، زبان کے آغاز سے متعلق نظریات، زبان کے مختلف خاندان، اور زبان کا آغاز و ارتقاء اور اس کی پیدائش کے سلسلے میں مختلف نظریات اور اس کے دائرہ عمل پر سیر حاصل گفتگو کی جائے گی تاکہ طلباء و طالبات میں دوسری زبان سے آنے والی الفاظ کی تمیز پیدا ہو جائے۔

2 ) اس سبق سے طالب علموں کو یہ جانکاری حاصل ہوگی کے لسانیاتی نظریہ نے ایسے اصول اور ایسی تکنیکیں مرتب کی ہیں جن کے ذریعہ زبان کا تجزیاتی مطالعہ اور اس سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

3 ) اس سبق میں طالب علموں کو رسم الخط اور املا کے بعض مسائل سے روشناس کرایا جائے گا تاکہ مستقبل میں طالب علموں کو املا لکھنے میں دشواری پیدا نہ ہو۔

اردو ڈیپارٹمنٹ

4 ) اس سبق کا مقصد طالب علموں کو لسانیات کی مختلف شاخوں سے واقف کرانا ہے۔ اس سبق کے مطالعہ کے بعد طالب علم لسانیات کی مختلف شاخیں اور اس کی اصلاحوں سے بخوبی واقف ہو جائیں گے۔ اس سبق کے ذریعہ اعضائے تکلم(organs of speech) کی مدد سے آوازوں کی ادائگی کی تفصیلات سے طالب علموں کو واقف کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔ امید ہے کہ اس سبق کو مکمل کر لینے کے بعد طالب علم اس قابل ہو جائیں گے کہ مستقبل میں دوسروں کو سکھا اور سمجھا سکیں گے۔

## BAHURDC102: Urdu Adab ki Tareek, CC-2 (اردو ادب کی تاریخ)

اس اکائی کی سماعت کے بعد طالب علموں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ:

1 ) اردو زبان و ادب کو نسوونما میں صوفیائے کرام کی خدمات سے آگاہ ہو جائیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ دکن میں اردو زبان و ادب کا آغازوارتقاء اور عادل شاہی اور قطب شاہی دور کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔ جس کے بعد دکن کے وسطی مراکز کا ذکر کرتے ہوئے موجودہ دور میں دکن کے اہم مراکز اور ان کی کارکردگی کے بارے میں گفتگو کی جائے گی۔ قدیم اور جدید دکنی ادب میں موجود فرق اور اس کے موضوعات میں ہونے والی تبدیلی کی بھی نشاندہی کی جائے گی۔

3 ) دکنی اور شمالی ہند میں اردو شاعری اور نثر نگاری کی ابتدائی، وسطی اور موجودہ ادبی خدمات کی تفصیلات بیان کر سکیں گے۔ اور اس کے علاوہ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات، دہلی کالج اور اس کے مصنفین، دبستان دلی اور دبستان لکھنؤ کی شعری روایت کا جائزہ کو واضح کر سکیں گے تاکہ طالب علموں کی معلومات میں اضافہ ہوسکے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طالب علموں کو انجمن پنجاب کی خدمات، ترقی پسند تحریک اور جدیدیت کے رجحان سے واقف کرانا ہے تاکہ طالب علموں کو اردو ادب کی تاریخ کے پس منظر کو سمجھنے میں آسانی ہو سکیں۔

## Semester-II

## BAHURDC201: Classiki Urdu Nasr, CC-3 (کلاسیکی اردو نثر)

1 ) اس سبق میں طلباء کو "کلاسیکی اردو نثر" کے بارے میں جانکاری دی جائے گی۔

2 ) زیرنظر سبق میں نثر کی تعریف نثر کے اقسام سے متعلق طلباء کو آگاہ کیا جائے گا تاکہ طلباء کو سمجھنے میں کسی قسم کی دشواری پیدا نہ ہو۔

3 ) اس سبق میں دکن میں اردو نثر کا آغاز و ارتقا اور شمالی ہند میں اردو نثر کے ابتدائی نمونے سے متعلق بھی بحث کی جائے گی تاکہ طلباء کو اردو نثر کی ابتداء سے متعلق کی جانکاری حاصل ہوسکے۔

4 ) اس کے علاوہ اس سبق کے ذریعہ طلباء کو دلی کالج کے نثر نگار سرسید اور ان کے رفقا اور غالب کے خطوط کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

## BAHURDC202: Classiki Urdu Ghazal, CC-4 (کلاسیکی اردو غزل)

1 ) اس سبق کا مقصود یہ بتانا ہے کہ کئ کلاسیکی اصناف سخن تاریخ کا حصہ بن گیئں لیکن غزل میں کچھ ایسی توانائی مضمر ہے جس نے اسے برقرار رکھا ہے۔

2 ) دکن اور شمالی ہند میں غزل کی پیدائش کس طرح ہوئی؟ اردو غزل میں عشق کی روایت کیسے آئی؟ ہمارے طلباء کے لیے ان سوالات کے جواب فراہم کرنا ضروری ہے۔ تاکہ طلباء غزل کی روایت سے متعلق جانکاری حاصل کر سکیں۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو اردو کے چند اہم غزل گو شعراء ولی، سراج، میر، درد، آتش، غالب، مومن، کی غزلوں میں ان کی دلچسپی کا وافر سامان موجود ہے جس سے طلباء کو صحیح معنی میں ان غزل گو شعراء سے تعارف ہو گا جو غزل کا ایک نیا معیار متعین کرتی ہے۔

4 ) اس سبق کا بنیادی مقصد چند اہم غزل گو شعراء کی شخصیت اور شاعری کے سلسلے میں بنیادی معلومات فراہم کرنا اور ساتھ ہی ساتھ کلاسیکی اردو غزل کی اسلوبیات پر بھی بحث کرنا ہے تاکہ طلباء کو سمجھنے میں سہولت ہو۔

## AECEU201: Urdu MIL, AECC-2 (اردو ایم۔آئی۔ ایل)

1 ) اس سبق کے ذریعہ پڑھی گئی نثر' غزلوں' اور نظموں' کو پڑھ کر ان کے بارے میں اپنی رائے تحریر کر سکتے ہیں۔

2 ) غزلوں اور نظموں کو مناسب لب و لہجہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

3 ) کسی کہانی' نظموں اور غزلوں کو ڈرامے کی شکل میں لکھوانا۔ اس میں طلباء و طالبات کوپوری آزادی دی جائے کہ ڈرامے کہانی کی شکل میں لکھوانا۔ اس طرح مختلف موضوعات پر نظم لکھنے کی ترغیب دی جاسکتی ہے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء نظم' غزل یا کہانی کا مرکزی خیال اور خلاصہ سمجھ کر لکھ سکتے ہیں۔

# Semester-III

## BAHURDC301: Jadeed Urdu Ghazal, CC-5 (جدید اردو غزل)

1 ) طلباوطالبات جدید اردو غزل کو پڑھنے کے بعد ہندوستانی تہذیب سے واقف ہو جائیں گے۔

2 ) جدید اردو غزل کے ذریعہ طالب علموں میں حب الوطنی کے جذبات بھی پیدا ہونگیں۔

3 ) طالب علم اردو غزل کو پڑھنے کے بعد اردو کے مشہورومعروف شعراء داغ، حسرت، اقبال، لگانہ، فراق، فیض، سلیم، احمد، بانی، ناصرکاظمی، ظفراقبال، زیب غوری، کی غزلوں سے سیاسی، سماجی اور ثقافتی، تہذیبی، اشراکی اور دلت طبقے کی زندگی کی بنیادی حقیقت سے آگاہ ہو جائیں گے۔

4 ) جدیدیت ترقی پسندی گنگا جمنا تہذیب کو سمجھنے اور یہاں کے مذہبی خیالات سے روبرو ہونے میں جدید اردو غزل طالب علموں کے بہتراہ ہے۔

### BAHURDC302: Nazm: Ibteda Se Aligarh Tehrik Tak, CC-6 (نظم: ابتداء سے علی گڑھ تحریک تک)

1 ) طالب علموں کو قصیدہ، مرثیہ، مثنوی اور نظم کے ذریعہ ان کے تلفظ، لکھنے کا طریقہ اور انداز بیان کافی حد تک واقف ہوتا ہے۔

2 ) مشہور و معروف قصیدہگو، مرثیہ نگار، مثنوی نگار اور نظم کو شعراء کے حالات زندگی اور ان کی شاعری سے تہذیبی، عام انسان کی زندگی کی صورت حال، سماجی تبدیلی اور مذہبی علاقوں میں ہورہے تبدیلی سے طالب علموں کو واقف کرانا ہے۔

3 ) طالب علم قصیدہ، مرثیہ، مثنوی اور نظم کو پڑھنے کے بعد تعریف اور برائی کے پہلو کے بارے میں جانکاری حاصل کرتے ہیں۔

4 ) طالب علموں کے لئے قصیدہ، مثنوی، مرثیہ اور نظم سے اس دور کے تہذیبی، سیاسی، سماجی حالات کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔

### BAHURDC303: Jadeed Urdu Nazm, CC-7 (جدید اردو نظم)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طالب علم اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک، اردو نظم پر ترقی پسند تحریک کے اثرات، سماجی حقیقت نگاری اور اشتراکیت کا شعور سے واقف ہوجائیں گے۔

2 ) طالب علم اردو نظم کو پڑھنے کے بعد اردو کے معروف شعراء میراجی، ن-م- راشد، فیض، اخترالایمان، عمیق حنفی، شہریار وغیرہ کی نظموں سے سیاسی، انقلابی، اشتراکی، سماجی، معاشی زندگی بنیادی حقیقت سے آگاہ ہو جائیں گے۔

3 ) طلباء و طالبات جدید اردو نظم گو شعراء کی حالات زندگی اور ان کی شاعری کی خصوصیات سے متعلق جانکاری حاصل ہو جائے گی۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طالب حلقہ ارباب ذوق کے زیر اثر نظموں میں نیا رجحان اور جدیدیت کا رجحان سے واقف ہو جائیں گے۔

### BAHURDSE301: Urdu Mass Media, Sec-1(عوامی ذرائع ترسیل اور اردو صحافت)

1 ) عوامی ذرائع ترسیل مختلف اقسام، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کو پڑھ کر ان سے متعلق تجزیہ کر سکتے ہیں۔

2 ) اس سبق کے ذریعہ کسی تحریر اور تقریر کا خلاصہ اپنی زبان میں بیان کر سکتے ہیں۔

3 ) ڈرامائی مکالمات صحیح تلفظ اور مہارت کے ساتھ ادا کر سکتے ہیں۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طالب علم صحافت کیا اور اس کی اہمیت وا افادیت، اداریہ نگاری، رپورٹنگ، اسکرپٹ رائٹنگ سے واقف ہو جائیں گے۔

## Semester-IV

### BAHURDC401: Urdu Tanqeed Taraqqi Pasand Tehreek Se Qabl, CC-8 (اردو تنقید ترقی پسند تحریک سے قبل)

1 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو تنقید کی تعریف، تنقید کا مفہوم، ادب میں تنقید کی اہمیت اور تنقید کے مشرقی و مغربی تصورات کی تاریخ کی معلومات فراہم کرنا ہے۔

2 ) اس اکائی کا مقصد یہ ہے کہ ہمارا طلبہ کو تذکرہ اور تنقید کا رشتہ، تنقید کی مختلف دبستان اور ان کا جائزہ کے بارے میں علم و معلومات فراہم کی جائیں تاکہ وہ تصویر کے دونوں رخ یعنی مثبت اور منفی پہلوؤں کا مطالعہ کر سکیں۔ اس کے بعد وہ خود یہ نتیجہ اخذ کر سکیں گے کہ ان دبستانوں کی اردو تنقید کی تاریخ میں کیا قدر و قیمت ہے ؟

3 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو حالی، شبلی، محمد حسین آزاد، عبدالرحمن بجنوری اور نیازفتح پوری کی تنقید کے علم کے بارے میں مکمل معلومات حاصل ہو سکے۔ زیرنظراکائ میں ان تمام ناقدین کے مقام کے تعین کی کوشش کی گئی ہے جس سے ہمارے طلباء کو ان تمام ناقدین کی تنقیدی خدمات کا پوری طرح علم ہوگا اور ان ناقدین کا اردو ادب کی تاریخ میں مرتبے کا تعین کر سکیں گے۔

## BAHURDC402: Urdu Dastan, CC-9 (اردو داستان)

1 ) اردو داستان سننے اور پڑھنے کے ذریعہ طلباء اپنی زبان کی مہارت کو فروغ دیں گے۔

2 ) اردو داستان کے ذریعہ ولو تحریریں اور بولے جانے والے مواصلات کی باریکیاں جان لیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء اردو میں اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کر سکیں گے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء داستان کے زوال کے اسباب کو جان لیں گے۔

## BAHURDC403: Urdu Navel, CC-10 (اردو ناول)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء ناول کا فن اور اس کے اقسام، ناول کے اجزائے ترکیبی کو جان سکیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ وہ لوگ ناول، ناولٹ اور طویل ومختصر افسانے کا فرق سے واقف ہو جائیں گے۔

3 ) طالب علموں کو اردو ناول نگاری کی حالات زندگی اور ان کی ناول نگاری کی خصوصیات سے متعلق جانکاری حاصل ہو جائے گی۔

4 ) طالب علم اردو ناول کو پڑھنے کے بعد اردو کے معروف ناول نگار نذیر احمد ،پریم چند اور الیاس احمد گدی کے ناولوں سے دلی کا واقعاتی ماحول، دیہاتی زندگی اور زندگی کی حقیقتوں سے واقف ہو جائیں گے۔

## BAHURDSE401: Ilmulurooz-o-Ilmul Bayan ka Mafhum, SEC-2 (علم العروض و علم البیان کا مفہوم)

1 ) علم العروض اور علم البیان سے طلباء کو گرا مئیٹیکل پراپرٹیز سے واقف کیا جائے گا۔

2 ) اس سبق کے ذریعہ وہ لوگ روانی اور شعوری طور پر اردو لکھنے اور بولنے کے اہل ہوں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء طالبات اور علم العروض و علم البیان اور اس کے ابتدائی نقوش سے متعلق واقف ہو جائیں گے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء علم بدیع و بیان، صنائع لفظی اور صنائع معنوی سے بھی آگاہ ہو جائیں گے۔

# Semester-V

## BAHURDC501: Urdu Afsana, CC-11 (اردو افسانہ)

اس سبق کے ذریعہ اردو افسانہ کی تعریف، اجزائے ترکیبی، ہئیت ،تکنیک اور عہد بہ عہد ارتقاء پر روشنی ڈالی جائے گی۔ اس سبق کا بنیادی مقصد اردو افسانہ سے واقف کرانا ہے۔ اس سبق کو مکمل کرنے کے بعد طلباء اس لائق ہو جائیں گے کہ:

1 ) افسانہ کی بھرپور تعریف کر سکیں۔

2 ) نئے افسانے کا پس منظر کو سمجھ سکیں۔

3 ) ارتقائی سفر کو سمجھ سکیں اور ان کو الگ کر کے دیکھ سکیں۔

4 ) علامت، تجرید، ہئیت اور تکنیک وغیرہ کے فرق کو جان سکیں۔

5 ) اردو افسانے کی تعریف اور اجزائے ترکیبی پر اظہار خیال کر سکیں۔

6 ) اردو افسانہ نگاروں کے حالات زندگی کو جان سکیں۔

### BAHURDC502: Urdu Drama, CC-12 (اردو ڈرامہ)

1 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو ڈرامہ کی تعریف، اجزائے ترکیبی اور اقسام سے واقف کرانا ہے۔

2 ) اس سبق کے ذریعہ طلبہ کو یہ سمجھنے میں آسانی ہوگی کہ اردو ڈرامے کیا منظر عام پر آئے اور اس کی وجہ کیا تھی۔ اس سبق کا مقصد اسی روایت سے آشنا کرنا ہے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء المیہ، طربیہ، ادبی، ریڈیائی اور اسٹیج ڈراموں کا تکنیکی فرق کو جان سکیں گے۔

4 ) اردو ڈرامے کو جدید دور میں داخل کرنے کے لیے آغاحشر کاشمیری، پروفیسر محمد مجیب اور سعادت حسین منٹو نے کیا رول ادا کیے اس کو سمجھنے اور ان لوگوں کی اہمیت کا احساس دلانے کی یہ باب کامیاب کوشش کرتا ہے۔

### BAHURDDSE501: Prem Chand Ka Khususi Motaleya, DSE-1 (پریم چند کا خصوصی مطالعہ)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو منشی پریم چند کی حیات اور شخصیت سے متعلق آگاہ کرنا ہے۔

2 ) یہ اکائی پریم چند کا عہد، تاریخی، معاشی، سیاسی اور سماجی پس منظر کو واضح کرتی ہے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء منشی پریم چند کی ناول نگاری، افسانہ نگاری اور ڈرامانگاری سے واقف ہو جائیں گے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو یہ جانکاری حاصل ہوگی کہ منشی پریم چند نے اپنی تخلیقات سے قوم کی کردار سازی پر زور دیتے ہوئے جذبہ حب الوطنی کو ابھارا ہے، سرفروشی کی تمنا بیداری کی ہے، حصول آزادی کے ذرائع کی طرف توجہ دلائی ہے۔

### BAHURDDSE505: Allama Iqbal Ka Khususi Motaleya, DSE-2 (علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ)

1 ) اس سبق کا مقصد یہ ہے کہ طلباء علامہ اقبال کی حیات، اقبال کے عہد کا سیاسی و سماجی پس منظر اقبال کی ابتدائی شاعری، قومی و وطنی شاعری سے متعلق آگاہ ہو سکیں گے۔

2 ) اس اکائی کا مقصد طلباء کو اقبال کی غزل گوئی، اقبال کی نظم نگاری اور اقبال کی نثر نگاری سے واقف کرانا ہے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو اقبال کا فلسفیانہ نظام، اقبال کا تصور عشق اور اقبال کی شاعری میں مدد مومن کا تصور سے متعلق جانکاری حاصل ہوگی۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء اقبال کی غزلوں اور نظموں کا مرکزی خیال یا خلاصہ یا تصریح سمجھ کر لکھ سکتے ہیں۔

## Semester-VI

### BAHURDC601: Urdu Quasida Aur Marsia, CC-13 (اردو قصیدہ اور مرثیہ)

1 ) اس سبق کا مقصد اردو شعروشاعری میں قصیدہ کی تعریف، اجزائے ترکیبی، ہئیت، اقسام کے ساتھ ساتھ اس کے آغاز و ارتقاء پیش کرنا ہے۔

2 ) اردو میں قصیدہ زوال کیونکر ہوا، سودا اور ذوق کی قصیدہ نگاری کی معنویت اور اہمیت کیا ہے؟ ان کے قصیدوں کی فنی قدر و قیمت کیا ہے؟ اس سبق میں ان جملہ امور پر روشنی ڈالی جائے گی۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو مرثیہ کی تعریف، اجزائے ترکیبی، ہئیت، اقسام، شخصی اور کربلائی مرثیہ کا فرق سے متعلق معلومات فراہم ہو سکیں گے۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو کو دبستان دہلی اور دبستان لکھنو کے مرثیہ نگاروں کی مرثیہ نگاری سے متعلق واقفیت حاصل ہوگی۔

## BAHURDC602: Urdu Sawaneh, Khudnawisht Sawaneh Aur Khaka, CC-14 (اردو سوانح، خود نوشت سوانح اور خاکہ)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء اردو سوانح خود نوشت اور خاکہ کی صنفی حیثیت اور اس کی تعریف کے بارے میں جان سکیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو اردو سوانح، خود نوشت اور خاکہ وفا کی روایت اور اس کا تدریجی ارتقا سے متعلق واقفیت حاصل ہوگی۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء سوانح، خود نوشت اور خاکہ کے مابین فرق کو سمجھ سکیں گے۔

4 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو خواجہ الطاف حسین حالی، رشید احمد صدیقی اور اختر الایمان کے حالات زندگی اور ان کی تخلیقات کو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

## BAHURDDSE603: Adabi Tehri Kaat, DSE-3 (ادبی تحریکات)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو ادبی تحریکات کے اغراض و مقاصد اور ادبی تحریک کی تعریف سے واقف کرانا ہے۔

2 ) اس سبق کا مقصد طلباء علی گڑھ تحریک کا پس منظر، سرسید اور اصلاح معاشرہ، سائنٹفک سوسائٹی، اغراض و مقاصد سے متعلق آگاہ ہوجائیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ اردو میں منظم اور غیر منظم ادبی تحریک کی ابتدا و ارتقا، تحریک اور رجحان کا فرق پر روشنی ڈالی جائے گی۔

4 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو ترقی پسند تحریک: سیاسی، سماجی اور اقتصادی پس منظر مختلف ادبی اصناف پر ترقی پسند تحریک کے اثرات سے متعلق جانکاری حاصل ہوگی۔

## غیر افسانوی نثر (انشائیہ ، مقالہ، مضمون اور رپورتاژ)

## BAHURDDSE604: Ghair Afsanvi Nasr (Inshaya, Moqala, Mazmoon Aur Reportage), DSE-4

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو غیر افسانوی نثر کی تعریف اور اس کی روایت غیر افسانوی نثر کی مختلف اصناف: سوانح، خود نوشت سوانح، مضمون، مقالہ، انشائیہ، خطوط، رپورتاژ اور تاریخ نویسی کے بارے میں جانکاری حاصل ہوگی۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو مضمون کی تعریف اور اس کی روایت ،مضمون، انشائیہ اور مقالہ کا فرق، فرحت اللہ بیگ کی مضمون نگاری متعلق واقف کرانا ہے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء انشائیہ کی تعریف اور اس کی روایت، مقالہ کی تعریف اور اس کی روایت، رپورتاژ کی تعریف اور اس کی روایت کے بارے میں آگاہ ہو جائیں گے۔

4 ) اس اکائی کے ذریعہ محمد حسین آزاد، سرسید اور فرحت اللہ بیگ کے حالات زندگی اور ان کی تخلیقات سے متعلق واقفیت حاصل ہوگی۔

# URDU PROGRAM

## Semester-I

### BAPURDC101: Urdu Zaban-o-o Adab Ki Mukhtasar Tarikh, CC-1 (اردو زبان و ادب کی مختصر تاریخ)

1 ) اس سبق میں طلباء کو اردو زبان و ادب کی مختصر تاریخ کے جانکاری دی جائے گی۔ زیرنظر سبق میں اردو زبان کی ابتداء سے متعلق مختلف نظریات، اردو زبان کے ارتقاء میں صوفیائے کرام کی خدمات پر سیر حاصل گفتگو کی جائے گی۔

2 ) اس اکائی سے طالب علموں کو یہ جانکاری حاصل ہوگی کہ دکن میں اردو شاعری اور اردو نثر کا آغاز کس طرح ہوا، شمالی ہند میں اردو شاعری اور اردو نثر کی ابتدا کیسے ہوئی؟ ان تمام باتوں کا علم اس میں پیش کیا جائے گا۔

3 ) اس سبق کا مقصد چند اہم غزل گو شعراء کے حالات زندگی اور ان کی شاعری کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے تاکہ طلباء کو ان غزل کل گو شعراء کی غزلوں کو پڑھ سکے اور ان غزلونسریہ تصریح کرنے میں کسی قسم کی دشواری پیدا نہ ہو۔

### AECCU101: Urdu M.I.L., AECC-1 (اردو ایم۔آئی۔ایل)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء نشر، غزل اور نظم پڑھ کر اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء ، رہم نثرنگار، غزل گو شعراء اور نظم نگاروں کے حالات زندگی اور ان کی تخلیقات کے بارے میں جان سکیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء نثری تخلیقات، غزل اور نظم کا مرکزی خیال یا تشریح یا خلاصہ لکھ سکیں گے۔

## Semester-II

### BAPURDC201: Urdu Daastan Aur Novel, CC-3 (اردو داستان اور ناول)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء داستان کی تعریف، اجزائے ترکیبی، فنی خصوصیات، اردو داستان کی روایت، داستان کے زوال کے اسباب سے متعلق آگاہ ہو جائیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو ناول کی تعریف، اجزائے ترکیبی، اقسام، ناول کی ابتداء، ناول اور ناولٹ کا فرق کے بارے میں جانکاری ملے گی۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو چند اہم ناول نگاروں کی حالات زندگی اور ان کے ناول کے بارے میں معلومات فراہم کی جائے گی تاکہ طلباء کو ناول کا تجزیاتی مطالعہ پیش کرنے میں کسی قسم کی دشواری پیدا نہ ہوسکے۔

### AECEU201: Urdu M.I.L., ASCC-2 (اردو ایم۔آئی۔ ایل)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء نثر، غزل اور نظم کو پڑھ کر اپنے حالات کا اظہار کر سکیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء چند اہم ادبار اور شعراء کے حالات زندگی اور ان کی تصانیف کے بارے میں جان سکیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء غزلوں اور نظموں کی تشریح یا خلاصہ یا مرکزی خیال تحریر کر سکیں گے۔

# Semester-III

## BAPURDC 301: Urdu Afsana Aur Drama, CC-5 (اردو افسانہ اور ڈرامہ)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء اردو افسانے کی تعریف، اجزائے ترکیبی، افسانے کے موضوعات اور اردو افسانے کا آغاز و ارتقا سے متعلق واقف ہو جائیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو چند اہم افسانہ نگاروں کی حالات زندگی اور ان کے افسانوں کے بارے جانکاری دی جائے گی تا کہ طلباء ان افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ پیش کر سکیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو اردو ڈرامے کی تعریف، اجزائے ترکیبی، اقسام اور آغازوارتقاء سے متعلق واقف کرانا ہے۔

## غیر افسانوی نثر، انشائیہ، مضمون اور سوانح

## AECEU 301: Ghair Afsanvi Nadr, Inshaya, Mazmoon Aur Sawaneh, AECC-3

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء غیر افسانوی نثر کی تعریف، انشائیہ کی تعریف اور اس کی روایت، محمد حسین آزاد بحیثیت نگار سے متعلق آگاہ ہو جائیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو مضمون نگاری کا فن اور اس کے روایت، مضمون اور انشائیہ کا فرق، سرسید احمد خاں بحیثیت مضمون نگار کے بارے میں واقفیت حاصل ہوگی۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو سوانح نگاری کی تعریف اور اس کی روایت، حالی بحیثیت سوانح نگار کے بارے میں واقف کرانا ہے۔

## BAPURDSE 301: Urdu Translation, SEC-1 (اردو میں ترجمہ نگاری)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو ترجمہ کا فن، اس کی اہمیت و افادیت ترجمہ کے اقسام، اردو ترجمہ نگاری کی روایت سے متعلق معلومات فراہم کی جائے گی۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء، ترجمہ نگاری کے مختلف ادارے: فورٹ ولیم کالج، دلی کالج، سائنٹیفک سوسائٹی، دارالترجمہ عثمانیہ سے متعلق آگاہ ہو جائیں گے۔

# Semester-IV

## BAPURDC 401: Urdu Tanqeed, CC-7 (اردو تنقید)

1 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو تنقید کی تعریف، تنقید کا مفہوم اور اس کی اہمیت و افادیت، اردو میں تنقید نگاری کا آغاز و ارتقا سے متعلق واقف کرنا ہے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء تذکرہ و تنقید کا باہمی رشتہ، تحقیق و تنقید کا رشتہ، تنقید کے مختلف دبستان سے آگاہ ہو جائیں گے۔

3 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو حالی، شبلی، احتشام حسین، کلیم الدین احمد، محمد حسین، سارا ردولوی کی تنقید کے عمل سے متعلق مکمل معلومات فراہم کی جائے گی۔

## BAPURDSE 401: Hindustani Film Aur Urdu Adab, SEC-2 (ہندوستانی فلم اور اردو ادب)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو ادب اور فلم کا رستہ، ہندوستانی فلم کے موضوعات، ہندوستانی فلموں میں وطن پرستی، ہندوستانی سماج پر فلم کے اثرات کے بارے میں جانکاری حاصل ہوگی۔

2 ) ہندوستانی فلم اور اردو شاعری، ہندوستانی فلم اور اردو فکشن کے ذریعہ طلباء کے علم میں اضافہ ہوگا۔

3 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء ساحرلدھیانوی، شہریار، مرزا ہادی رسوا، عصمت چغتائی کی حالات زندگی اور ان کے تخلیقات سے متعلق آگاہ ہو جائیں گے۔

## Semester-V

### BAPURDDSE501: Urdu Ghazal, DSE-1 (اردو غزل)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو غزل کی تعریف، غزل کا فن، غزل کے موضوعات، اردو غزل کا آغاز و ارتقا سے متعلق معلومات فراہم کی جائے گی۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء کو دبستان دہلی اور دبستان لکھنؤ کے بارے میں واقف کرانا ہے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء چند اہم غزل گو شعراء کی حالات زندگی اور ان کی غزلوں کی خصوصیات سے متعلق آگاہ ہو سکیں گے۔

### BAPURDSE501: Urdu Electronic Media, SEC-3 (اردو الیکٹرانک میڈیا)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء ریڈیو کی اہمیت و افادیت ریڈیو کی ابتداء ریڈیو نشریہ کی زبان، ریڈیو پروگراموں کا انداز پیش کش سے متعلق واقف ہو جائیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء ریڈیائی ڈرامے، فیچر، دستاویزی فلمیں، ادبی نشریہ، تفریحی نشریہ ہیں اور انٹرویو کے بارے میں اپنی واقفیت کا اظہار کر سکیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء کو ٹیلی ویژن کی اہمیت و افادیت، ٹیلی ویژن کی ابتداء، ٹی وی اسکرپٹ سے متعلق معلومات فراہم کی جائے گی۔

## Semester-VI

### BAPURDDSE601: Urdu Qasida Aur Marsia, DSE-2 (اردو قصیدہ اور مرثیہ)

1 ) اس سبق کا مقصد طلباء کو اردو قصیدہ کے آغازوارتقاء اور فن سے واقف کرانا ہے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء اردو مرثیہ کے آغازوارتقاء اور فن کے بارے میں جان سکیں گے۔

3 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء سودا اور ذوق کی قصیدہ نگاری سے واقفیت حاصل کر سکیں گے۔

### BAPURDSE604: Ilmul Urooz-o-Ilmul Bayan Ka Mafhum, SEC-4 (علم العروض و علم البیان کا مفہوم)

1 ) اس سبق کے ذریعہ طلباء اردو علم العروض و علم البیان کی تعریف اور اس کے آغاز و ارتقا کے بارے میں جان سکیں گے۔

2 ) اس اکائی کے ذریعہ طلباء علم البیان اور صنائع و بدائع سے متعلق جانکاری حاصل کر سکیں گے۔

3 ) اس اکائی سے طلباء کو تقطیع کا فن اور اسکی مشق کے بارے میں جانکاری دی جائے گی۔